# SCHOOL-BASED ASSESSMENT (SBA) - 2025

# END-OF-YEAR ASSESSMENT

## SUBJECT: ISLAMIAT

## GRADE-8

**FINAL TERM**

**[Part A: 48 Marks Part B: 52 Marks Total: 100 Marks], Time = 3 hours**

**School Name:** ______________________

**Student Name :** ____________ **Roll Number :** ____________ **Section :** ____________

## حصہ اول: معروضی سوالات

سوال نمبر 1: "وَ رَفَعۡنَا لَكَ ذِكۡرَكَ" آیت مبارکہ حصہ ہے:

(a) سورۃ الانشرح کی (b) سورۃ الضحیٰ کی (c) سورۃ البلد کی (d) سورۃ الشمس کی

سوال نمبر 2: دشمن پر غلبہ پانے کی دعا کا ترجمہ ہے:

(a) اے میرے رب میرا سینہ کھول دے۔
(b) اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔
(c) ہمارے لیے اللہ ہی کافی ہے اور وہ بہترین کارساز ہے۔
(d) میں اللہ کی تسبیح بیان کرتا ہوں۔

سوال نمبر 3: عافیت حاصل کرنے کے لیے ہمیں روزمرہ زندگی میں دعا پڑھنے کا معمول بنانا ہوگا:

(a) اللّٰھُمَّ أَطۡعِمۡ مَنۡ أَطۡعَمَنِي، وَاسۡقِ مَنۡ سقاني
(b) اللّٰھُمَّ إِنِّي أَسۡأَلُكَ العفو والۡعَافِيَةَ فِي الدُّنۡيَا وَالۡآخِرَةِ
(c) اللّٰھُمَّ أَحۡسِنۡ عَاقِبَتَنَا فِي الۡأُمُورِ كُلِّهَا وَأَجِرۡنَا مِنۡ خِزۡيِ الدُّنۡيَا وَعَذَابِ الۡآخِرَةِ
(d) الحمدلله الذي كساني هذا الثوب

سوال نمبر 4: "دنیا میں جو بھی ہوتا ہے اللہ تعالیٰ کی چاہت کے مطابق ہوتا ہے" اس پر یقین کو کہتے ہیں:

(a) عقیدہ تقدیر (b) عقیدہ آخرت (c) عقیدہ توحید (d) عقیدہ رسالت

سوال نمبر 5: موت کے بعد شروع ہونے والی زندگی پر یقین سے مراد ہے:

(a) عقیدہ توحید (b) عقیدہ رسالت (c) عقیدہ آخرت (d) عقیدہ تقدیر

سوال نمبر 6: آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَاَصۡحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی خشیت کا یہ عالم تھا کہ ایک دن میں استغفار فرماتے تھے:

(a) دس بار (b) پچاس بار (c) ستر بار (d) سو بار

سوال نمبر 7: زکوٰۃ ادا کرنے سے معاشرے سے خاتمہ کیا جا سکتا ہے:

(a) فضول خرچی کا (b) جہالت کا (c) غربت کا (d) عیش و عشرت کا

سوال نمبر 8: عازمین حج ۸ ذوالحج کو احرام باندھ کر حج کی نیّت کرتے ہیں, اس دن کو کہتے ہیں:

(a) یوم تکبیر (b) یوم الترویہ (c) یوم نحر (d) یوم تشریق

سوال نمبر 9: پانچ وقت نماز کی ادائی ہمیں عملی زندگی میں عادی بناتی ہے:

(a) صبر کرنے کی (b) وقت کی پابندی کرنے کی (c) محنت کرنے کی (d) رحم کرنے کی

سوال نمبر 10: تبلیغ دین کے لئے مؤثر طریقہ ہے:

(a) تدبر کے ذریعے (b) احکامات کی سختی سے (c) شکر گزاری سے (d) تنقید کرنے سے

سوال نمبر 11: غزوہ خیبر پیش آیا:

(a) چھ ہجری (b) سات ہجری (c) آٹھ ہجری (d) نو ہجری

سوال نمبر 12: حضرت خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دیگر صحابہ کرام رضوان اللہ علیھم اجمعین پر ممتاز کرنے والی خوبی ہے:

(a) نیکی (b) سچائی (c) بہادری (d) رحمدلی

سوال نمبر 13: سیرت نبوی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَاَصۡحَابِهٖ وَسَلَّمَ سے ہمیں رہنمائی ملتی ہے کہ جب کسی سے ملاقات کریں تو پہل کرنی چاہیے:

(a) سلام میں (b) کلام میں (c) بیٹھنے میں (d) ہاتھ ملانے میں

سوال نمبر 14: خوبی جسے ایمان کا حصہ قرار دیا گیا ہے:

(a) تحمل (b) حیا (c) ہمدردی (d) رواداری

سوال نمبر 15: حدیث مبارک کے مطابق سب اہل ایمان آپس میں ہیں:

(a) رشتہ دار (b) دوست (c) بھائی بھائی (d) ہمدرد

سوال نمبر 16: امت مسلمہ کے درمیان فرقہ واریت اور تعصب کے خاتمے کے لیے ضروری ہے:

(a) دولت (b) کفایت شعاری (c) اتحاد ملی (d) سخاوت

سوال نمبر 17: اسلام کی تعلیمات کے مطابق ہمیں دوسروں کے متعلق رویہ اختیار کرنا چاہیے:

(a) حسن ظن کا (b) بازپرس کا (c) سختی کا (d) نظر انداز کرنے کا

سوال نمبر 18: رسول اکرم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَاَصۡحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے طرز عمل سے سبق ملتا ہے کہ ہم حرص و طمع سے بچیں اور اختیار کریں:

(a) شجاعت (b) قناعت (c) عبادت (d) طاقت

سوال نمبر 19: بچپن میں باپ کے سایہ سے محروم بچہ کہلاتا ہے:

(a) یتیم (b) فقیر (c) غریب (d) معذور

سوال نمبر 20: معاشرے کی بہتری کے لیے ضروری ہے کہ لین دین کے معاملات ہوں:

(a) شفاف (b) منافع بخش (c) خفیہ (d) مبہم

سوال نمبر 21: ام المومنین حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنھا کی روایت کردہ احادیث مبارکہ کی تعداد ہے:

(a) 7 (b) 17 (c) 25 (d) 80

سوال نمبر 22: آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَاَصۡحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے نکاح کے وقت حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنھا کی عمر تھی:

(a) اٹھارہ سال (b) بیس سال (c) پچیس سال (d) پینتیس سال

سوال نمبر23: حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ صاحبزادے ہیں:

(a) حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے (b) حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے

(c) حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے (d) حضرت علی المرتضی کرم اللہ وجہہ کے

سوال نمبر24: "اَلسّٰبِقُوۡنَ الۡاَوَّلُوۡن" سے مراد وہ صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنھم ہیں جنہوں نے اسلام قبول کیا:

(a) آغازِ اسلام میں (b) غزوہ بدر کے بعد

(c) ہجرت کے بعد (d) فتح مکہ کے بعد

سوال نمبر25: اسلام قبول کرنے سے قبل حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مذہب تھا:

(a) مجوسیت (b) عیسائیت (c) یہودیت (d) ہندومت

سوال نمبر26: حضرت شیخ احمد سرہندی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے خطوط کا مجموعہ ہے:

(a) گنج الاسرار (b) فتوحات مکیہ (c) مکتوبات امام ربانی (d) تاریخ مشائخ چشت

سوال نمبر27: قرآن مجید میں کامیابی کا اعلان ہوا ہے:

(a) دولت کمانے والوں کے لئے (b) تعلق قائم کرنے والوں کے لئے

(c) نفس کا تزکیہ کرنے والوں کے لئے (d) تجارت کرنے والوں کے لئے

سوال نمبر28: ہمیں حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی کتاب "الفوز الکبیر" سے معلومات ملتی ہیں:

(a) اصول تفسیر کی (b) اصول حدیث کی (c) اصول فقہ کی (d) اصول قیاس کی

سوال نمبر29: سلطان صلاح الدین ایوبی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا محل کو چھوڑ کر جھونپڑی میں رہنا، ہمیں درس دیتا ہے:

(a) سادگی کا (b) بہادری کا (c) سچائی کا (d) سخاوت کا

سوال نمبر30: سلطان صلاح الدین ایوبی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے طرز عمل کے مطابق مسلمان حکمران کو غیر مسلموں سے سلوک رکھنا چاہیے:

(a) اسلامی تعلیمات کے مطابق (b) غیر مسلموں کو فوج میں شامل کرنا

(c) غیر مسلموں کو مسلمانوں پر فوقیت دینا (d) غیر مسلموں کو ہر قانون سے آزاد کرنا

سوال نمبر31: امت مسلمہ کی فضیلت کو مشروط کیا گیا ہے:

(a) سخاوت سے (b) امر بالمعروف وہ نہی عن المنکر سے

(c) بہادری سے (d) غلبہ سے

سوال نمبر32: کسی بات پر یقین کرنے سے پہلے ضروری ہے:

(a) اس کی تردید (b) اس کی تکذیب (c) اس کی تحقیق (d) اس کی توثیق

---

## حصہ دوم: انشائیہ سوالات

سوال نمبر33

i) حج کا لغوی معنی کیا ہے؟(2)

ii) حج کی اہمیت پر چار نکات لکھیں۔(4)

iii) حج کے کوئی سے چار ارکان کے نام لکھیں۔(4)

سوال نمبر34

i) نبی اکرم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے جن بادشاہوں کو خطوط لکھے ان میں سے دو کے نام لکھیں۔(2)

ii) نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی دعوت سے ہمیں کیا درس ملتا ہے؟(4)

iii) دعوت و تبلیغ کی اہمیت پر ایک آیت مبارکہ کا ترجمہ لکھیں۔(4)

سوال نمبر35

i) حرص و طمع کا لفظی معنی لکھیں۔(2)

ii) قناعت سے متعلق نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کا کوئی ایک فرمان تحریر کریں۔(4)

iii) عصر حاضر میں حرص و طمع کے معاشرتی زندگی پر کیا اثرات ہیں؟(4)

سوال نمبر36

i) امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کا نام، کنیت اور لقب تحریر کریں۔(2)

ii) حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ نے مسلمانوں کی سیاسی حیثیت کو مضبوط بنانے اور سماجی اصلاح کے لیے کیا اقدامات کیے؟(5)

iii) امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیف "احیاء علوم الدّین" کی روشنی میں ہم اپنی زندگیوں میں کیا رہنمائی حاصل کر سکتے ہیں؟(5)

سوال نمبر37

i) ابلاغ کا معنیٰ و مفہوم بیان کریں۔(2)

ii) ذرائع ابلاغ کیا ہیں؟ دو مثالیں دیں۔(2)

iii) ذرائع ابلاغ کا درست استعمال ہمارے معاشرے میں کون کونسی تبدیلیاں لا سکتا ہے؟(6)